# باتوں باتوں میں جمع - ۲

- گوری کے پاس ۱۵ روپے تھے۔ ماں نے اسے مزید ۲۶ روپے دیے تو بتاؤ اب گوری کے پاس کُل کتنے روپے ہوئے؟

کیا دیا گیا ہے؟ گوری کے پاس ۱۵ روپے، ماں نے ۲۶ روپے دیے۔

کیا پوچھا گیا ہے؟ گوری کے پاس کی کُل رقم ..............................

کیا کرنا ہے؟ ..............................



| | اکائی | دہائی |
|---|---|---|
| | | ۱ |
| گوری کے پاس کے روپے | ۵ | ۱ |
| ماں کے دیے ہوئے روپے | ۶ | + ۲ |
| کُل روپے | ۱ | ۴ |

**مثال پڑھو۔ تختی پر دہائی - اکائی کے خانے بنا کر مناسب جگہ پر ہندسے لکھو اور جمع کرو۔**

- ایک میدان میں ۲۴ گائے اور ۲۸ بھینس چارہ چَر رہی تھیں تو میدان میں کُل کتنے جانور چارہ چَر رہے تھے؟
- کل سلمان نے ۳۴ رومال کی سلائی کی اور آج مزید ۳۸ رومال کی سلائی کی تو سلمان نے دو دنوں میں کُل ملا کر کتنے رومال کی سلائی کی؟
- وسیم کے پاس ۲۵ کنچے تھے۔ آج کھیل میں اس نے مزید ۱۳ کنچے جیت لیے تو اب وسیم کے پاس کُل کتنے کنچے ہیں؟
- دکان دار کے پاس کُل ۳۵ پتنگ تھیں۔ آج اس نے مزید ۱۹ پتنگ لائے تو اب دکان دار کے پاس کُل کتنی پتنگ ہوئیں؟

**نیچے دیے ہوئے جمع کے عمل کے لیے عبارتی مثالیں بناؤ اور حل کرو :**

- ۳۰ + ۱۹
- ۳۴ + ۲۸
- ۲۲ + ۳۷
- ۴۹ + ۱۷
- ۵۹ + ۲۹
- ۲۶ + ۳۴

## آسان جمع اور تفریق، دہائی بڑھا کر یا گھٹا کر۔

۴۱ + ۱۰ =



۱ اکائی ۴ دہائی + ۱ دہائی = ۱ اکائی ۵ دہائی

۴۱ + ۱۰ = ۵۱

۴۱ − ۱۰ =




۱ اکائی ۴ دہائی − ۱ دہائی = ۱ اکائی ۳ دہائی

۴۱ − ۱۰ = ۳۱

یہاں پر ہم نے ۱۰ کے مرحلے سے جمع اور تفریق کا عمل سیکھا۔

## جمع (۲۰ بڑھا کر)، تفریق (۲۰ گھٹا کر)


۳۷ + ۲۰ =



۷ اکائی ۳ دہائی + ۲ دہائی = ۷ اکائی ۵ دہائی

۳۷ + ۲۰ = ۵۷

۳۷ − ۲۰ =



۷ اکائی ۳ دہائی − ۲ دہائی = ۷ اکائی ۱ دہائی

۳۷ − ۲۰ = ۱۷

- جمع کرو۔

۱۸ + ۲۰ = ☐　　۶ + ۱۰ = ☐

۶۲ + ۱۰ = ☐　　۲۹ + ۳۰ = ☐

۸۴ + ۱۰ = ☐　　۷۷ + ۲۰ = ☐

- تفریق کرو۔

۲۶ − ۱۰ = ☐　　۱۵ − ۱۰ = ☐

۵۳ − ۱۰ = ☐　　۳۴ − ۲۰ = ☐

۹۲ − ۳۰ = ☐　　۶۷ − ۲۰ = ☐

7TIG7K

**غور کرو :** دیے ہوئے عدد میں ۱۰، ۲۰ گھٹانے کے لیے یا ۱۰، ۲۰ بڑھانے کے لیے کیا کیا جائے ؟

